ہفت روزہ
ندائے خلافت
لاہور
20 تا 26 ستمبر 2001ء

☆ اسلامی جمہوریہ پاکستان پر عذاب الٰہی کے سائے! (اداریہ)

☆ قومے فروختند وچہ ارزاں فروختند (تجزیہ)

☆ گری تھی جس پہ کل بجلی .... (مکتوب شکاگو)

امریکی دھونس اور ہمارا طرزِ عمل

صدر پاکستان جنرل پرویز مشرف افغانستان پر امریکہ کے متوقع حملے کے ضمن میں پاکستان کی جانب سے تعاون کے سلسلے میں جو دلائل دے رہے ہیں، وہ خالص مادی حقائق اور فوری مصلحت کے اعتبار سے تو درست ہیں —— لیکن مادی مفادات سے بالاتر اخلاقیات اور ایک جانب عدل وقسط اور دوسری جانب غیرت وخودداری کے بھی کچھ تقاضے ہیں۔ پھر ان سے بھی بالاتر دین وشریعت کی ہدایات ہیں جن کو ہم کسی صورت میں نظر انداز نہیں کر سکتے۔ اسی طرح دور اندیشی کا تقاضا ہے کہ صرف فوری مصلحتوں کے پیش نظر فیصلے نہ کئے جائیں بلکہ دوررس نتائج بھی سامنے رکھے جائیں۔ اس پس منظر میں:

١...... نیویارک اور واشنگٹن پر دہشت گردانہ حملوں کے ضمن میں امریکہ نے بغیر کسی واضح ثبوت کے جس طرح اسامہ بن لادن کو مجرم قرار دے دیا ہے —— وہ عدل وانصاف کے مسلمہ اصولوں کے خلاف ہے۔ اور اس صورت میں افغانستان پر حملہ خالص ظالمانہ اور عظیم ترین دہشت گردی کی کارروائی ہوگی —— اور اس میں پاکستان کی کسی بھی حیثیت سے معاونت اخلاقی اصولوں اور عدل وقسط کے تقاضوں سے غداری کے مترادف ہوگا۔

٢...... اسی طرح امریکہ جس رعونت کے ساتھ اور متکبرانہ انداز میں پاکستان کو عدم تعاون کی صورت میں ''دشمنی'' کی دھمکی دے رہا ہے، وہ خالص طاقت کی دھونس پر مبنی ہے جس کے سامنے گردن جھکا دینا غیرت وخودداری سے دستبرداری کے مترادف ہوگی۔

٣...... افغانستان ہمارا برادر اسلامی ملک ہے اور اس میں طالبان کی حکومت شریعتِ اسلامی کی بالادستی کے اصول پر کاربند ہے —— اس کے خلاف امریکہ کی ظالمانہ کارروائی میں معاونت نہ صرف اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے بغاوت ہے بلکہ نظریۂ پاکستان سے بھی صریح غداری ہے۔

٤...... (i) اب یہ واضح ہوتا جا رہا ہے کہ نیویارک اور واشنگٹن پر دہشت گردانہ حملہ اسرائیل کی خفیہ ایجنسی ''موساد'' نے کرایا ہے تاکہ وہ عالمی رائے عامہ جو فلسطینی انتفاضہ پر اسرائیل کے بے پناہ مظالم کی بنا پر اسرائیل کے خلاف ہوگئی تھی (جس کا اہم ترین مظہر ڈربن کانفرنس میں سامنے آ گیا تھا!) اس کے رخ کو اسلام اور مسلمانوں کی جانب موڑ دیا جائے۔ (ii) چنانچہ یہ اصلاً اس طویل المیعاد منصوبے کی اہم کڑی ہے جو یہودیوں کے عالمی غلبے کے خواب کو پورا کرنے کیلئے زیرِ تعمیل ہے —— اور جس کے ضمن میں صیہونیت نے پورے عالم عیسائیت اور بالخصوص WASP (یعنی وہائٹ اینگلو سیکسن پروٹسٹنٹ عیسائیوں) کو اپنا آلہ کار بنا لیا ہے —— (iii) اس منصوبے کے ضمن میں یہودیوں کی HIT LIST میں پاکستان اور خصوصاً اس کی ایٹمی صلاحیت بھی بہت اہم مقام کی حامل ہے۔ لہٰذا...... اس وقت امریکہ کے آلہ کار بن کر فوری عافیت حاصل کرنا انجام کار کے اعتبار سے لاحاصل ہے —— اس کے برعکس عدل وانصاف، غیرت وحمیت اور دینی تعلیمات کے تقاضوں پر عمل پیرا ہو کر اور اللہ تعالیٰ کی جناب میں خلوص قلب کے ساتھ توبہ کے ذریعے اس کی نصرت پر بھروسہ کرتے ہوئے فرعون وقت کے سامنے ڈٹ کر کھڑے ہو جانا چاہئے اور نہ صرف یہ کہ امریکہ کے ساتھ کوئی تعاون نہیں کیا جانا چاہئے —— بلکہ طالبان کے ساتھ کامل یکجہتی کا مظاہرہ کرنا چاہئے!

(نوٹ: مختصر طور پر یہ تمام باتیں اس اضافے کے ساتھ میں نے ١٦ ستمبر کی سہ پہر کو جنرل صاحب کے ساتھ ملاقات میں انکے سامنے رکھ دی تھیں کہ ''اگر آپ نے اس معاملے میں امریکہ کا ساتھ دیا تو پاکستان میں خانہ جنگی کی صورت بھی پیدا ہو سکتی ہے''۔ اعاذنا اللہ من ذالک!)

اب یہ پاکستان کے غیور مسلمان عوام کا کام ہے کہ اس آواز کو پوری قوت سے بلند کریں تاکہ حکومت کوئی غلط رخ اختیار کرنے سے باز رہے ——

خاکسار **اسرار احمد** عفی عنہ امیر تنظیم اسلامی

American grief and rage is understandable. However, it is astonishing to see that BBC is at the forefront of provoking the US aggression. It wants the US eyes to remain closed to the reality that the seeds it has sown have come to fruition. For years the US acted as if the front line were elsewhere, and as if others were to bear the consequences of its policies. Now, after the worst massacre in US history, only the wilfully blind can ask the US to consider that the front line is still not in the US or supporting repression and punishing the innocent have no repercussions.

(Article on Page 16)

بسم اللہ الرحمٰن الرَّحیم

﴿وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِکَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِیْسَ ط اَبٰی وَاسْتَکْبَرَ ق وَکَانَ مِنَ الْکٰفِرِیْنَ o وَقُلْنَا یٰاٰدَمُ اسْکُنْ اَنْتَ وَزَوْجُکَ الْجَنَّةَ وَکُلَا مِنْهَا رَغَدًا حَیْثُ شِئْتُمَا وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَکُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِیْنَ o﴾ (آیات : ۳۴، ۳۵)

''اور جب ہم نے فرشتوں سے کہا کہ آدم کو سجدہ کرو تو سب نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے۔ اس نے انکار کیا اور تکبر کیا' اور وہ ہو گیا کافروں میں سے۔ اور حکم دیا گیا کہ (اے آدم!) تم اور تمہاری بیوی جنت میں رہو اس میں جہاں سے چاہو (میوے) کھاؤ' اور اس درخت کے قریب بھی مت جانا ورنہ تم ظالموں میں سے ہو جاؤ گے''۔

حضرت آدمؑ کو خلافت عطا کرنے کے بعد تمام مامور فرشتے ان کی اطاعت کے لئے پابند کر دیئے گئے۔ جس طرح دنیا کے نظام حکومت میں مملکت کا فرمانروا یا صدر جو خود تو مرکزی دارالحکومت میں بیٹھتا ہے لیکن اگر اسے کسی صوبے کا کوئی گورنر مقرر کرنا پڑے تو ایسا اسی صورت میں ممکن ہو سکتا ہے جب اس صوبے کی پوری سول سروس اور پولیس بھی اس گورنر کے ماتحت کی جائے اور وہ اپنے علاقے کی ساری انتظامی مشینری پر اختیار رکھتا ہو۔ اسی طرح فرشتوں کو انسان کے تابع کرنا خلافت کے منصب کا منطقی تقاضا تھا۔ چنانچہ اس کے علامتی اظہار کے لئے انہیں حضرت آدمؑ کے سامنے سجدہ کرنے کے لئے کہا گیا۔ اس موقع پر تمام فرشتوں نے تو اللہ تعالیٰ کے حکم کی تعمیل کی لیکن ابلیس نے حضرت آدمؑ کے سامنے جھکنے سے انکار کر دیا۔ دراصل تخلیق کے اعتبار سے ابلیس فرشتہ نہیں تھا بلکہ جنات میں سے تھا لیکن اپنے زہد و علم اور اپنی عبادت کی بنیاد پر وہ ملائکہ میں شامل ہو گیا تھا۔ جنات کو نار یعنی آگ سے بنایا گیا جبکہ فرشتوں کی تخلیق نور سے کی گئی۔ عربی زبان کے قواعد کی رو سے ''الف'' اور ''واؤ'' حروف علت ہیں جو ایک دوسرے میں تبدیل ہو جاتے ہیں۔ اس حوالے سے نار اور نور میں بہت کم فرق ہے اور ان میں ایک طرح کا قرب پایا جاتا ہے۔ انسان کو چونکہ مٹی سے پیدا کیا گیا لہٰذا ابلیس نے اپنی تخلیقی فضیلت کو بنیاد بنا کر استکبار کیا اور حضرت آدمؑ کو سجدہ نہ کیا۔ پہلی آیت کے آخری حصے میں ﴿کَانَ مِنَ الْکٰفِرِیْنَ﴾ کا مفہوم دو طرح سے ادا ہو سکتا ہے۔ ایک تو یہ کہ: ''وہ کافروں میں سے ہی تھا'' یعنی ابلیس میں بغاوت کے جراثیم شروع سے موجود تھے اور اس میں تکبر بھی پہلے سے تھا' اب صرف یہ ظاہر ہو گیا تھا۔ دوسرے اس کے معنی یہ بھی ہو سکتے ہیں کہ: ''(اب) وہ ہو گیا کافروں میں سے'' یعنی پہلے تو وہ عابد زاہد اور مطیع تھا لیکن اب اللہ تعالیٰ کی حکم عدولی کے باعث کفار میں شامل ہو گیا۔

دوسری آیت میں حضرت آدمؑ اور ان کی اہلیہ اماں حوا کو جنت میں بھیجے جانے کا ذکر کیا گیا ہے۔ اس حکم میں جہاں ایک طرف پوری جنت کو ان دونوں کے لئے مباح کر دیا گیا کہ وہ جہاں سے چاہیں اپنے لئے اشیائے خوردنی اور پسندیدہ میوہ جات حاصل کر سکتے ہیں وہاں دوسری جانب ایک درخت کی طرف اشارہ کر کے یہ بندش بھی لگا دی گئی کہ اس کے قریب نہ جانا ورنہ تمہارا شمار زیادتی کرنے والوں میں سے ہو گا۔ یہ درحقیقت ایک آزمائش تھی جس کے ذریعے عملی طور پر یہ ظاہر کرنا مقصود تھا کہ شیطان انسان کا دشمن ہے جو اسے ورغلا کر اور بہلا پھسلا کر اللہ تعالیٰ کی نافرمانی پر آمادہ کرتا ہے۔ جیسے دنیاوی طور پر کسی افسر کو کوئی اہم اور اعلیٰ ذمہ داری تفویض کرنے سے پہلے اسے تربیتی مقاصد کے لئے ایک مخصوص ماحول میں رکھا جاتا ہے اور پھر اس کی تعیناتی کی جاتی ہے اسی طرح خلافت کا بار اٹھوانے اور دنیا کا نظم و نسق دینے سے پہلے حضرت آدمؑ کو یہ تجربہ کرایا گیا اور اس طرح یہ بات ان پر اچھی طرح واضح کر دی گئی کہ انسان کو ہمیشہ ابلیس لعین کی دشمنی سے سابقہ رہے گا۔

☆ ☆ ☆

حرام مال سے صدقہ کی حقیقت

چوہدری رحمت اللہ بٹر

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ((لَا یَکْسِبُ عَبْدٌ مَالًا مِنْ حَرَامٍ فَیُنْفِقَ مِنْهُ فَیُبَارَکَ لَهٗ فِیْهِ وَلَا یَتَصَدَّقُ بِهٖ فَیُقْبَلَ مِنْهُ وَلَا یَتْرُکُ خَلْفَ ظَهْرِهٖ اِلَّا کَانَ زَادَهٗ اِلَی النَّارِ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ لَا یَمْحُو السَّیِّئَ بِالسَّیِّئِ وَلٰکِنْ یَمْحُو السَّیِّئَ بِالْحَسَنِ اِنَّ الْخَبِیْثَ لَا یَمْحُو الْخَبِیْثَ))

(مسند احمدؒ کتاب مسند المکثرین من الصحابۃ باب عبد اللہ بن مسعودؓ ح ۳۶۶۳)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ''ایسا نہیں ہوتا کہ کوئی بندہ (کسی ناجائز طریقہ سے) حرام مال کمائے اور اس میں سے اللہ کی راہ میں صدقہ کرے تو اس کا صدقہ قبول ہو اور اس میں سے خرچ کرے تو اس میں برکت ہو اور جو شخص حرام مال (مرنے کے بعد) پیچھے چھوڑ کر جائے گا تو وہ اس کے لئے جہنم کا توشہ ہی ہو گا۔ یقیناً اللہ تعالیٰ برائی کو برائی سے نہیں مٹاتا بلکہ برائی کو نیکی سے مٹاتا ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ گندگی گندگی کو نہیں دھو سکتی''۔

آج کل جس طرح بہت سے تاجر لوگ حرام کاروبار کر کے مسجدیں اور مدرسے آباد کر رہے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ کاروبار تو جائز طریقے سے ہو نہیں سکتا' یہ تو ہماری مجبوری ہے' البتہ ہم اس میں سے ایک حصہ اللہ کی راہ میں لگا رہے ہیں اور اس طرح اپنے گناہ کا مداوا کر رہے ہیں۔ یہ فرمان رسول ﷺ مسلمان کی آنکھیں کھولنے کے لئے کافی ہے کہ حرام کی کمائی تو ساری بھی اللہ کی راہ میں دے دی جائے تو اللہ تعالیٰ نہ اسے شرف قبولیت بخشتے ہیں اور نہ اس سے رزق میں برکت ہوتی ہے۔ اس کمائی کو جب چھوڑ کر جائیں گے تو اولاد پر اس کے برے اثرات بھی ظاہر ہوں گے اور اس کا وبال اسے اٹھانا پڑے گا۔ یعنی دوسرے کی دنیا کے لئے آخرت اپنی برباد کر لی ہے اور سمجھتا ہے شائد اولاد کے لئے بہت کچھ کر گیا ہوں' حالانکہ آخرت میں وہ اپنے والدین کو پہچانیں گے بھی نہیں۔ کتنی حکمت بھری ہے یہ بات کہ گندگی کو گندگی سے صاف نہیں کیا جاتا' ناپاک مال کا صدقہ گناہوں کی گندگی کو دور کرنے کا ذریعہ نہیں بنتا۔ اللہ تعالیٰ تو طیب ہے اور وہ طیب ہی کو قبول کرتا ہے۔ اسی لئے رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: ''جو گوشت حرام کی کمائی سے بنا ہو وہ جنت میں نہیں جائے گا''۔

تا خلافت کی بنا دنیا میں ہو پھر استوار
لا کہیں سے ڈھونڈ کر اسلاف کا قلب و جگر

تحریک خلافت پاکستان کا نقیب

ہفت روزہ
ندائے خلافت
لاہور

جلد 10 شمارہ 35

20 تا 26 ستمبر 2001ء

(۲ تا ۸ رجب المرجب ۱۴۲۲ھ)

○

بانی : اقتدار احمد مرحوم

مدیر : حافظ عاکف سعید

نائب مدیر: فرقان دانش خان

○

معاونین: مرزا ایوب بیگ ' سردار اعوان
محمد یونس جنجوعہ

نگران طباعت : شیخ رحیم الدین

○

پبلشر: اسعد احمد مختار ' طابع: رشید احمد چوہدری
مطبع: مکتبہ جدید پریس ' ریلوے روڈ' لاہور
مقام اشاعت: 36۔ کے ماڈل ٹاؤن لاہور
فون: 03-5869501 فیکس: 5834000
E-Mail:anjuman@tanzeem.org
Website:www.tanzeem.org

○

قیمت فی شمارہ : 5 روپے

سالانہ زرتعاون :

اندرون ملک......250 روپے

بیرون پاکستان:

☆یورپ' ایشیا' افریقہ وغیرہ

...........1500 روپے

☆امریکہ' کینیڈا' آسٹریلیا وغیرہ

...........2200 روپے

اداریہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حافظ عاکف سعید

اسلامی جمہوریہ پاکستان پر عذابِ الٰہی کے سائے!

نیویارک اور واشنگٹن ڈی سی میں دہشت گردی کے واقعات کی آڑ میں امریکہ نے اپنی توپوں کا رخ یکایک جس مہارت' چابک دستی اور عیاری کے ساتھ پاکستان' افغانستان اور اسامہ بن لادن کی طرف موڑا ہے وہ بلاشبہ یہودی سازشی ذہنیت کا شاہکار ہے۔ یہ بات اب کوئی مخفی راز نہیں ہے کہ اس محیر العقول خوفناک دہشت گردی کے واقعات کے پس پردہ یہودی اسرائیلی خفیہ ایجنسی موساد کی کارفرمائی نظر آتی ہے جسے امریکہ کے اندر سے بھی پوری سپورٹ (Support) حاصل ہے۔ بالخصوص اس اہم خبر کے منظر عام پر آ جانے کے بعد کہ ۱۱ ستمبر کو اس خوفناک حادثے کے وقت ورلڈ ٹریڈ سنٹر نیویارک میں کام کرنے والے تمام چار ہزار اسرائیلی یہودی دفاتر میں حاضر نہیں تھے اور ان سب کی جانیں سلامت رہیں' اس امر میں قطعاً کسی شک و شبے کی گنجائش باقی نہیں رہی کہ دہشت گردی کے اس غیر معمولی واقعے کی منصوبہ بندی میں مرکزی کردار اسرائیل اور موساد ہی کا ہے۔ لیکن امریکی صدر جن کی گردن پورے طور پر یہودی صیہونی عناصر کے آہنی پنجوں کی گرفت میں ہے' ان تمام حقائق کو یکسر نظر انداز کر کے ناانصافی' بددیانتی اور جانبداری کا بدترین مظاہرہ کرتے ہوئے انتہائی ڈھٹائی کے ساتھ اسامہ بن لادن اور افغانستان کے خلاف کارروائی پر تلے ہوئے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ پاکستان پر دھونس کے انداز میں شدید دباؤ ڈال کر وہ انہی صیہونی عزائم کی تکمیل میں مصروف عمل ہیں جن کا اصل ٹارگٹ پاکستان کی ایٹمی صلاحیت کو تباہ و برباد کرنا اور پاکستان میں برسرِ عمل جہادی تحریکوں اور ان بنیاد پرست دینی طبقات کا قلع قمع کرنا ہے کہ جو صیہونی عزائم کی راہ کی اصل رکاوٹ ہیں۔

بہرکیف یہ وقت افغانستان کی طالبان حکومت اور مسلمانانِ پاکستان دونوں کے لئے سخت ترین آزمائش کا ہے۔ طالبان ہر بڑے سے بڑے خطرے اور سخت سے سخت آزمائش کا مقابلہ کرنے کے لئے ذہنی و نفسیاتی طور پر تیار ہیں۔ وہ خود اعتمادی سے بڑھ کر ''خدا اعتمادی'' یعنی اللہ پر ایمان اور توکل کی دولت سے مالا مال ہیں۔ گزشتہ پانچ چھ سالوں کے دوران انہوں نے ہر مشکل کا مقابلہ پامردی کے ساتھ اور ہر آزمائش کا مقابلہ استقامت کے ساتھ کیا ہے اور اپنے عمل سے ثابت کیا ہے کہ وہ اللہ اور اس کے دین کے سچے وفادار ہیں۔ انہوں نے اپنے ملک میں اللہ کی حکمرانی کے قیام اور دین و شریعت کے نفاذ کا عملی مظاہرہ کر کے دکھایا ہے اور اس مقصدِ عظیم کی خاطر انہوں نے دنیا کی تمام طاقتوں یہاں تک کہ ''سول سپریم پاور'' سے ٹکر لینے میں بھی کوئی دریغ محسوس نہیں کیا۔ لہٰذا کائنات کی سول سپریم پاور سبحانہ وتعالیٰ ان کی پشت پر ہے۔ وہ اس شعر کی عملی تصویر بن چکے ہیں کہ ؎

کیا ڈر ہے اگر ساری خدائی ہے مخالف
کافی ہے اگر ایک خدا میرے لئے ہے!

اصل مسئلہ مسلمانانِ پاکستان کا ہے۔ ہم نے بحیثیت قوم گزشتہ ۵۴ برسوں کے دوران اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ بے وفائی اور اس کے دین کے ساتھ بے اعتنائی اور غداری کا معاملہ کیا ہے۔ ملک کے سیکولر عناصر اور حکمران طبقات کا تو ذکر ہی کیا' ہماری دینی جماعتیں بھی گروہی مفادات کے گرداب اور سیاسی جوڑ توڑ کے ذریعے کرسی کے حصول کی کشاکش کا شکار رہیں۔ ذاتی اور گروہی مفادات سے بلند تر ہو کر اس ملک خداداد پاکستان میں اللہ کے دین کو قائم و غالب کرنے کی خاطر اتحاد و اتفاق کے ساتھ کسی قابلِ ذکر سنجیدہ کوشش کا مظاہرہ ان کی جانب سے نہیں ہوا۔ انہوں نے بحالی جمہوریت کے لئے تو کئی مواقع پر مل جل کر تحریک چلائی بلکہ اس ضمن میں سیکولر طبقات کے ساتھ اتحاد کرنے میں بھی کسی دریغ سے کام نہیں لیا' لیکن نفاذ شریعت اور امتناع سود کے لئے انہیں مل جل کر تحریک چلانے کی توفیق نہیں ہوئی —— اور اگر ایک ''مردِ درویش'' انہیں اس جانب متوجہ کرنے کے لئے گزشتہ کم از کم پانچ برسوں سے چیخ و پکار میں مصروف ہے تو اس فغانِ درویش پر بھی انہوں نے کان دھرنے کی زحمت نہیں فرمائی —— ان حالات میں اللہ کی تائید و نصرت ہمیں کیسے حاصل ہو سکتی ہے؟ ہم نے تو اللہ کے عذاب کو دعوت دینے میں اپنے تئیں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔ بقول شاعر ؎

عصیاں سے کبھی ہم نے کنارا نہ کیا
پر تو نے دل آزردہ ہمارا نہ کیا
ہم نے تو جہنم کی بہت کی تدبیر
لیکن تیری رحمت نے گوارا نہ کیا

ابھی تک ہمیں اللہ کی جانب سے مہلت ملتی رہی ہے۔ اس کا عذاب اور قہر بھی ہم پر وقتاً فوقتاً مختلف صورتوں میں برستا رہا ہے' لیکن اس کی حیثیت تا حال ''عذاب ادنیٰ'' یعنی چھوٹے عذاب کی رہی ہے —— اب ہم پھر ایک بہت سنگین دوراہے پر کھڑے ہیں۔ ایک طرف امارت اسلامی افغانستان ہے جہاں اللہ کی حکمرانی عملاً قائم ہے اور دوسری جانب دنیا کی سب سے بڑی طاغوتی اور استحصالی طاقت ہے جو ہمیں مجبور کر رہی ہے کہ اسلامی افغانستان کے خلاف بلاجواز اور ننگی جارحیت میں ہم اس کا ساتھ دیں۔ اس نازک موقع پر اگر ہم نے اللہ اور اس کے دین سے غداری کرتے ہوئے اللہ کے باغیوں اور شیطان کے ایجنٹوں کا ساتھ دیا تو شدید اندیشہ ہے کہ اللہ کی طرف سے کسی بڑے عذاب کا بند کھل جائے اور ہمیں وہ سخت ترین سزا مل کر رہے کہ جس کے ہم بہت پہلے سے مستحق ہو چکے ہیں۔ اعاذنا اللہ من ذالک!!

دہشت گردی کی کوئی بھی صورت ہو لازماً قابل مذمت ہے

امریکہ نے اسرائیل کو کھلی چھٹی دے رکھی ہے کہ وہ جس طرح چاہے نہتے فلسطینیوں پر ظلم ڈھائے

اگر دہشت گردی کا جواز ہو بھی تو صرف فوجی تنصیبات کو ٹارگٹ بنانے کا جواز نکل سکتا ہے

میرا گمان ہے کہ امریکہ میں یہ کارروائی رومن کیتھولک انتہا پسند عیسائیوں نے کی ہے

اس واقعہ میں اسرائیلی ایجنسی ''موساد'' کے ملوث ہونے کا بھی قوی امکان موجود ہے

ان حالات میں ہمیں اللہ کی مدد کی اشد ضرورت ہے جس کے لئے توبہ ضروری ہے

مسجد دارالسلام باغ جناح لاہور میں امیر تنظیم اسلامی ڈاکٹر اسرار احمد کے 14 ستمبر کے خطاب جمعہ کی تلخیص

غور طلب بات یہ ہے کہ امریکہ میں ورلڈ ٹریڈ سنٹر جیسی عظیم عمارت کی تباہی اور امریکہ کے دفاعی مرکز پینٹاگون کی تباہی سے پیدا ہونے والی اس پوری صورتِ حال کا سب سے بڑا' اہم اور اولین سبق کیا ہے؟ یہ کہ اس کائنات میں اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو کوئی طاقت حاصل نہیں ہے۔ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ' چنانچہ یہ ماننا پڑتا ہے کہ اَلْقُدْرَۃُ لِلّٰہِ' اَلْکِبْرِیَاءُ لِلّٰہِ' اَلْعَظْمَۃُ لِلّٰہِ. کائنات میں کسی شے کو استحکام حاصل نہیں ہے' کوئی اپنے آپ کو کتنا ہی مستحکم سمجھے' کتنا ہی طاقت ور سمجھے' اُسے آخر ایک دن زوال سے دوچار ہونا ہے۔ اسی لئے میں نے آج سورۃ الفجر کی آیات کو عنوان بنایا ہے۔ ﴿اَلَمْ تَرَ کَیْفَ فَعَلَ رَبُّکَ بِعَادٍ﴾ '' کیا تم نے دیکھا نہیں تمہارے رب نے کیا معاملہ کیا قوم عاد کے ساتھ''۔ قوم عاد عالی شان قوم تھی۔ جس علاقے میں وہ رہتے تھے وہاں ہر طرح کی زرخیزی اور سطوت انہیں حاصل تھی۔ انہوں نے اپنے شہروں میں بڑے بڑے ستون بنا رکھے تھے چنانچہ فرمایا : ﴿اِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ﴾ یہ بڑے بڑے ستونوں والے ارم۔ بتایا گیا ہے کہ یہ بڑے بڑے تیس اونچے ستونوں کے کھنڈرات اب بھی اسی صحرا کی پنہائیوں کے اندر موجود ہیں کہ جہاں یہ قوم آباد تھی۔ ان کا اب سٹیلائٹس کے ذریعے سراغ لگ چکا ہے ﴿اَلَّتِیْ لَمْ یُخْلَقْ مِثْلُهَا فِی الْبِلَادِ﴾ جو اس سے قبل پوری دنیا میں کہیں بھی تعمیر نہیں کیے گئے تھے۔ آج بعینہٖ یہی الفاظ ورلڈ ٹریڈ سینٹر کے اوپر صادق آتے ہیں۔ واقعہ یہ ہے کہ کل روئے ارضی کی عمارتوں کے مقابلے میں آپ اسے کوہ ہمالیہ کہہ سکتے ہیں۔ لیکن آج اس کا نام و نشان موجود نہیں' صرف ایک دھواں یا ایک غبار باقی رہ گیا ہے۔ آگے فرمایا کہ یہ صرف قوم عاد کا ہی معاملہ نہیں۔ اس کے بعد قوم ثمود کو بھی ایسی ہی سطوت و شان و شوکت عطا ہوئی تھی۔ ﴿وَثَمُوْدَ الَّذِیْنَ جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ﴾ انہوں نے وادی میں چٹانیں تراش تراش کر محل بنائے تھے۔ ﴿وَفِرْعَوْنَ ذِی الْاَوْتَادِ﴾ اور فرعون جس کا ڈنکا بج رہا تھا۔ وہ جب سفر کرتا اور اس کی فوج چلتی تھی تو اس کے خیموں کی میخیں ہی سینکڑوں اونٹوں یا گھوڑوں کی پیٹھ پر لدی ہوتی تھیں۔ ﴿اَلَّذِیْنَ طَغَوْا فِی الْبِلَادِ﴾ یہ سب وہ ہیں کہ جنہوں نے اس دنیا میں سرکشی کی۔ اللہ کے مقابلے میں سر اونچا کیا' تکبر کا مظاہرہ کیا۔ تو ان کا جو حشر ہوا وہ سب کو معلوم ہے۔

بعینہٖ آج امریکہ بھی ایک مست ہاتھی کی طرح اسی راستے پر جا رہا ہے۔ افغانستان جس کا بھوک و افلاس کے باعث پہلے ہی حال پتلا ہے۔ وہاں مانیٹرز آ جائیں گے۔ اسرائیل میں نہیں آ سکتے۔ اسرائیل کو کھلی چھٹی ہے۔ جس طرح وہ چاہے نہتے فلسطینیوں کے اوپر گولیاں برسائے' F-16 دوڑائے' ٹینک چڑھا دے۔ وہ جب چاہے ان کی عمارتیں گرا دے' صرف اس شک کی بناء پر کہ یہاں سے تخریبی کارروائی ہوتی ہے جتنے چاہے مکان اور دوکانیں گرا دے۔ اس کو بہرصورت امریکہ کی پشت پناہی حاصل ہے۔ ﴿فَاَکْثَرُوْا فِیْهَا الْفَسَادَ﴾ جیسے ان سابقہ اقوام کی سرکشی سے دنیا میں فساد برپا ہو گیا تھا۔ آج امریکہ کی سرکشی اور دوہری پالیسی کے نتیجے میں زمین میں فساد مچا ہوا ہے۔ اگلی آیت میں فرمایا ﴿فَصَبَّ عَلَیْهِمْ رَبُّکَ سَوْطَ عَذَابٍ﴾ اللہ تعالیٰ کی رسی دراز ضرور ہے' لیکن اندھیر نگری نہیں ہے۔ وہ وقت دیتا ہے' مہلت دیتا ہے' تاکہ کسی فرد یا ملت کے اندر چھپی ہوئی خباثت ظاہر ہو جائے۔ اس کے بعد ایک دم رسی کھینچتا ہے اور اچانک اللہ تعالیٰ کا عذاب آتا ہے۔ پہلے بھی ایسی تمام اقوام پر تمہارے رب کی طرف سے عذاب کے کوڑے برسے' موجودہ واقعہ بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے ﴿اِنَّ رَبَّکَ لَبِالْمِرْصَادِ۝﴾ ''یقیناً اے نبی آپ کا رب گھات میں ہے''۔ یعنی کون کس انجام کا مستحق ہے' آپ کا رب اس کی خبر رکھتا ہے۔

آج دنیا میں قوت' دبدبہ' سطوت اور شان و شوکت جو اس وقت بظاہر امریکہ کو حاصل ہے اگرچہ ابھی ختم نہیں ہوا لیکن یہ ضرور ہے کہ اب یہ امریکہ وہ نہیں ہے جو ۱۱ ستمبر ۲۰۰۱ء سے قبل تھا۔ امریکی خود کہہ رہے ہیں کہ امریکہ اب دوبارہ وہ مقام کبھی حاصل نہیں کر سکتا۔ موجودہ واقعہ کے بعد یہ ثابت ہو گیا ہے کہ قدرت و طاقت صرف اللہ کو حاصل ہے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ.

اب آیئے اصل مسئلہ کی طرف! اس ضمن میں سب سے پہلے میں یہ عرض کر دوں کہ دہشت گردی کی کوئی بھی شکل ہو وہ لازماً قابل مذمت ہے۔ جنگ میں بھی اُنہی کے خلاف ہتھیار چلنا چاہئے جو جنگ میں شریک ہوں۔ جنگ کا اسلامی اصول بھی یہ ہے کہ عورتوں' بوڑھوں اور وہ عابد لوگ جو اپنی عبادت گاہوں میں بیٹھے ہوں ان پر قطعاً ہاتھ نہ اٹھایا جائے۔ صرف میدان جنگ میں جو مقابلے میں آئے اس کے ساتھ مقابلہ کیا جائے۔ وہ دہشت گردی کہ جس میں اس کا امکان ہو کہ بے قصور لوگ مارے جائیں گے وہ یقیناً قابل مذمت ہے۔ دنیا میں دہشت گردی تین اعتبارات

سے ہو رہی ہے' یا تو قومی تصادم ہے۔ جیسے اسرائیلیوں اور فلسطینیوں میں جاری ہے۔ کشمیر میں بھی بھارتی افواج' پولیس اور مجاہدین کے درمیان جاری ہے۔ اسی طرح آزادی کی تحریکیں جیسے الجزائر میں فرانسیسیوں کے خلاف دہشت گردی کا راستہ اختیار کیا گیا۔ اس کے علاوہ تیسری شکل یہ ہے کہ احیائے اسلام کی بعض تحریکوں نے تشدد کا راستہ اختیار کیا ہے مثلاً جیسے الجزائر میں دہشت گردی کا راستہ اختیار کیا گیا ہے۔ میں نے ہمیشہ اس کی بھی مذمت کی ہے کیونکہ اس میں فائدہ کم اور نقصان زیادہ ہے۔ اس اعتبار سے امریکہ میں ہونے والے ان واقعات کی ہم تائید نہیں کر سکتے بلکہ جنہوں نے بھی یہ کام کیا ہے قابل مذمت کام کیا ہے۔ اگر صرف فوجی تنصیبات کو ٹارگٹ بنایا جائے تو دوسری بات ہے۔ لیکن شہری ٹارگٹس کہ جن میں عام شہری ہوں' ان کو نشانہ بنانا تو بہت ہی قابل مذمت شے ہے۔ اگرچہ دہشت گردی کا ایک جواز اس صورت میں ہو سکتا ہے کہ اگر کوئی ظالم اتنا طاقت ور ہو جائے کہ مظلوم کے لئے کوئی اور راستہ نہ چھوڑے یعنی کسی کو دیوار سے لگا دیا جائے تو وہ کیا کرے۔ اسی اصول کی بنیاد پر تقریباً ۲۰ سال پہلے پی ایل او کی طرف سے دہشت گردی ہوتی تھی۔ اس کے لئے قرآن مجید میں بھی ایک اشارہ موجود ہے۔ چھٹے پارے کی پہلی آیت ہے ﴿لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْءِ مِنَ الْقَوْلِ اِلَّا مَنْ ظُلِمَ۝﴾ ''اللہ کو پسند نہیں کہ کوئی شخص کسی دوسرے کے متعلق اعلانیہ بری بات کرے سوائے اس کے جس پر ظلم کیا گیا ہو''۔ (النساء: ۱۴۸) یعنی جس کا دل دکھا ہو۔ دکھی دل سے جو صدا نکلے اس میں کوئی خرابی بھی ہو' کوئی خلاف ضابطہ بات بھی ہو تو اللہ تعالیٰ معاف فرمائے گا۔ دہشت گردی کی اس قسم کا اگر جواز ہے تو بھی اس میں صرف عسکری مقامات یا فوجی تنصیبات کو نشانہ بنانے کا جواز نکل سکتا ہے۔

اب آیئے اس مسئلے کی طرف کہ یہ کام کس نے کیا ہے۔ مجھے ابتداً یقین کامل حاصل تھا اور اب بھی کافی حد تک وثوق حاصل ہے کہ یہ کام درحقیقت امریکن رومن کیتھولک عیسائی اقلیت کے انتہا پسند لوگوں کا ہے جنہوں نے ملیشیا فوج بنائی ہوئی ہے۔ یہ لوگ زیادہ تر امریکہ کی جنوبی ریاستوں میں ہیں۔ میرے اس خیال کی وجہ یہ ہے کہ امریکی رومن کیتھولک اور پروٹسٹنٹ عیسائیوں کے درمیان بڑی شدید دشمنی ہے۔ رومن کیتھولک کو وہاں شدید شکایت ہے کہ پروٹسٹنٹ امریکہ کی سیاست پر غالب ہیں اور انہوں نے امریکہ کو یہودیوں کا غلام بنا دیا ہے۔ ان کا کہنا یہ ہے کہ یہودیوں کے شکنجے سے اپنے ملک کو آزاد کرانے کے لئے ہمیں ایک ایسی ہی سول وار دوبارہ کرنا ہوگی جیسی پہلے امریکہ میں سول وار ہو چکی ہے۔ یہ باتیں وہاں عام ہیں اور انہوں نے ہتھیار بھی جمع کئے ہوئے ہیں۔ انہی میں سے وہ شخص تھا کہ جس نے ۱۹۹۵ء میں اوکلاہاما کی بلڈنگ میں بم دھماکہ کیا تھا۔ انہوں نے ہی Erizona میں ایک ٹرین کو کھڈ کے اندر بھی گرایا تھا۔ میرے نزدیک موجودہ کارروائی بھی انہی کی ہے۔ چنانچہ امریکہ میں بھی تبصرے ہو رہے ہیں کہ ہائی جیکر کوئی بھی تھے۔ ان کو اصل تعاون (سپورٹ) امریکہ کے اندر سے ملا۔ باہر بیٹھ کر کوئی یہ کام نہیں کر سکتا جب تک کہ اسے مکمل اور بھرپور سپورٹ امریکہ کے اندر سے حاصل نہ ہو۔ ان وجوہات کی بنا پر میری تو یہ رائے ہے کہ جس درجے کی یہ Planning ہوئی اور جس طرح کی Technology استعمال ہوئی' اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ کسی مسلمان گروپ کا کام نہیں کیونکہ کسی مسلمان گروپ کے پاس یہ صلاحیتیں اور وسائل و اسباب نہیں ہیں نہ ہی انہیں امریکہ کے اندر سپورٹ حاصل ہے۔ لہٰذا میرے نزدیک تو یہ کام رومن کیتھولک عیسائیوں کا ہے۔ واللہ اعلم۔

اب ایک دوسری خبر بھی آئی ہے اور جنرل حمید گل صاحب نے بھی یہ بات کہی ہے کہ یہ کارروائی اصل میں اسرائیل کی ہے۔ مجھے بھی آج ہی کینیڈا سے ایک ای میل ملا ہے جو بڑا چشم کشا ہے۔ دراصل اسرائیل چاہتا ہے کہ فلسطینیوں کو اردن کے اندر دھکیل دیا جائے۔ وہ کہتے ہیں کہ اصل میں شرق اردن فلسطینی ریاست ہے۔ ہم اپنے ساحل پر کوئی فلسطینی ریاست قبول نہیں کر سکتے۔ اب ظاہر ہے اگر وہ اتنا بڑا اقدام اٹھائیں' اتنا بڑا کریک ڈاؤن کریں تو انہیں اس کے لئے عالمی سپورٹ کی ضرورت ہے۔ چنانچہ اس واقعہ کے ذریعے پوری دنیا کے سامنے عربوں اور مسلمانوں کو مجرم بنا کر کھڑا کر دینا چاہتے ہیں۔ اس اعتبار سے یہ یقیناً اسرائیل کا اقدام ہو سکتا ہے۔ اس E-mail میں بتایا گیا ہے کہ یہ بات ریکارڈ پر ہے کہ اسرائیل نے امریکہ کے خلاف بہت سے کام کئے ہیں۔ اس نے کنگ ڈیوڈ ہوٹل پر حملہ کیا تھا' یو ایس لبرٹی پر حملہ کیا۔ انہیں سزائیں بھی ہوئی ہیں۔ امریکہ میں دہشت گردی کے حالیہ واقعہ میں یہودیوں کے ملوث ہونے کو اس بات سے بھی تقویت ملتی ہے کہ ان

NEWS EMBARGO AFTER ISRAELI LINK LEAK

Stern-Intel (Canada). A US military intelligence source revealed details of an internal intelligence memo that points to the Israeli Mossad intelligence service having links to the World Trade Center and Pentagon attacks. The intelligence source, who requested his name be withheld, confirmed the internal US intelligence memo circulated four weeks ago described information that pointed to the threat of a covert Israeli operation on US soil to turn mass public opinion against Palestinian Arabs via an apparent terrorist attack on US interests that would give Israel the green light to implement a large scale military onslaught against the Palestinian Arab population. The 11 September attack has been described by experts as being too sophisticated for a lone terrorist group to execute. "This attack required a high level of military precision and the resources of an advanced intelligence agency. In addition, the attackers would have needed to be extremely familiar with both air force one flight operations, civil airline flight paths and aerial assault tactics on sensitive US cities like Washington, Stated David Stern an expert on Israeli intelligence operations. The attacks targeted the Pentagon, World Trade Center towers, with the White House and Air Force One also being targets according to the FBI. "The attacks have certainly turned US public opinion firmly back in Israel's favor after 11 months of Palestinian uprising, heavy criticism of Israel over war crimes allegations and racism by a UN conference in Durban.
The attacks serve no Arab group or nation's interests but their timing came in the midst of international condemnation of Israel for its policy of death squad assassination of Palestinian political and police figures", added Stern. If verified, the news of Israel's involvement in the US attack will come as no surprise to intelligence experts. The state of Israel has a long history of covert operations against Western targets with attacks on the King David Hotel, USS Liberty, murder of a Scandinavian UN envoy as well as espionage against the US during the Jonathan Pollard case. On Wednesday the US defense department issued a warning to its officials to halt the leak of information on the investigation which it says is happening on a daily basis since the attacks occurred.

(A message received through e-mail).

کینیڈا سے موصول ہونے والا ای میل جس کا ذکر امیر تنظیم اسلامی نے اپنے خطاب جمعہ میں کیا ہے

کے نزدیک تمام غیر یہودی دراصل حیوان ہیں' انسان ہیں ہی نہیں۔ اگر لاکھوں مکھیاں آپ نے ماری ہیں' تو کیا ہو گیا۔ مکھیاں ہی ماری ہیں۔ اسی طرح ان کے نزدیک غیر یہودی انسان تو گویم ہیں' gentiles ہیں۔ لہٰذا جس طرح چاہو ان کا خون پیو' جس طرح چاہو ان کو دھوکا دو۔ ان سے جھوٹ بولو اس میں تمہارے اوپر کوئی الزام نہیں ہے۔ جس طرح گھوڑے کو تانگے میں جوتنا یا بیل کو ہل میں جوتنا انسان کا حق ہے' اسی طرح ہمارا حق ہے کہ ہم غیر یہودی انسانوں کو جوتیں' ان کا استحصال کریں اور ان سے فائدہ اٹھائیں۔ اس اعتبار سے بھی یہ بات بعید از قیاس نہیں کہ یہ کام اسرائیل کا ہو۔ اس ای میل میں ایک اہم بات یہ بتائی گئی ہے کہ امریکہ میں اس حادثے کی جو بھی تحقیقات ہو رہی ہیں وہ افشا ہو رہی ہیں۔ اسی میں یہ خبر بھی باہر نکل گئی کہ اس میں تو موساد ملوث ہے۔ لہٰذا اس خبر کے آنے کے بعد انہوں نے بندش لگا دی ہے کہ کوئی خبر باہر نہ نکلنے پائے۔ لہٰذا اسرائیل کے اس واقعے میں ملوث ہونے کا قوی امکان موجود ہے۔ دنیا کو اس طرف بھی توجہ دینی چاہئے۔ واللہ اعلم۔

تیسرے درجے میں اب یہ بھی عرض کر رہا ہوں کہ بالفرض اگر یہ کام مسلمانوں نے ہی کیا ہے' جیسے کہ وہ کہتے ہیں کہ ہم نے سراغ لگا لیا کہ دو آدمی مسلمان عرب تھے' حالانکہ مسلمان عربوں کو خریدا بھی جا سکتا ہے اور اسرائیل انہیں استعمال کر سکتا ہے تاکہ دنیا کے سامنے تصویر آئے کہ یہ مسلمانوں نے کام کیا ہے۔ بہرحال اس کے باوجود میں کہہ رہا ہوں کہ بالفرض اگر یہ مسلمانوں کا کام ہے' تب بھی اس میں یہ بات واضح ہے کہ اس میں اسامہ بن لادن کے ملوث ہونے کا کوئی امکان نہیں ہے۔ ظاہر بات ہے فلسطین میں امریکہ جو مظالم ڈھا رہا ہے فلسطینی وہاں اس کے خلاف اگر تنگ آمد بجنگ آمد کے مصداق کوئی پروگرام بنائیں تو بات اور ہے۔ اسامہ تو افغانستان میں بیٹھا ہوا ہے جہاں ضروری سہولیات موجود نہیں ہیں۔ پھر طالبان کہتے ہیں کہ ہم نے اس کو اس طریقے سے رکھا ہوا ہے کہ وہ کسی ایسی سرگرمی میں ملوث ہو ہی نہیں سکتا۔ طالبان ہرگز جھوٹے نہیں ہیں۔ اب تک انہوں نے ہر معاملے میں جو بات صحیح سمجھی وہی دنیا کے سامنے کہی ہے۔ کسی بھی چیز سے پیچھے نہیں ہٹے۔ انہوں نے گوتم بدھ کے مجسمے توڑے تو ڈٹ کر توڑے اور کسی کی پرواہ نہیں کی حالانکہ انہیں اربوں ڈالر پیش کئے گئے لیکن انہوں نے ٹھکرا دیئے کہ ہم بت شکن ہیں بت فروش نہیں۔ اس کے ساتھ وہ کہہ بھی رہے ہیں کہ اگر اسامہ ملوث ہے تو ثبوت دو' ہم تمہارے حوالے کر دیں گے۔ دوسری قابل غور بات یہ ہے کہ افغانستان میں اس وقت ہزاروں غیر ملکی موجود ہیں۔ اقوام متحدہ اور غیر مسلم این جی اوز کے کتنے ہی کارکن وہاں موجود ہیں تو کیا انہیں اطلاع نہ ملی ہوتی کہ اس طرح کی یہاں کوئی سکیم بن رہی ہے۔ بالفرض اگر یہ فلسطینی مسلمانوں کا کام ہے' اگرچہ میرے نزدیک نہ فلسطینی اتنے تربیت یافتہ ہیں نہ ان کے پاس اس طرح کی سہولتیں اور سپورٹ موجود ہے کہ ایسا عظیم کارنامہ سرانجام کر کے دکھا دیں' لیکن فرض کیجئے کہ ایسا ہو بھی تو واقعہ یہ ہے کہ ان کے لئے اس اعتبار سے کہ وہ دیوار سے لگا دیئے گئے ہیں کوئی دوسرا راستہ اور طریقہ موجود نہیں ہے۔ کیونکہ امریکہ صدفی صد اسرائیل کا پشت پناہ ہے۔ پوری مغربی دنیا اسرائیل کی پشت پر آ گئی ہے' لہٰذا بالفرض اگر یہ فلسطینیوں کا کام ہے تو وہ ایسا کرنے میں حق بجانب ہیں۔ تاہم میں ایک بات عرض کر رہا ہوں کہ اگر یہ کام فلسطینیوں نے کیا ہے تو امریکہ کو سمجھ لینا چاہئے کہ اب امریکہ کا باپ بھی ان کو ختم نہیں کر سکتا۔ یعنی اگر یہ لوگ اس درجے کے ماہر ہو گئے ہیں تو پھر کون انہیں ختم کرے گا۔ اب امریکہ میں بھی بہت سے لوگ یہ کہہ رہے ہیں اس وقت امریکی حکومت ایک ایسی جنگ کا آغاز کرنے کے بارے میں سوچ رہی ہے جسے وہ کامل طور پر کبھی بھی نہیں جیت سکتی۔ یہ امریکیوں کا تبصرہ ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ اگر کچھ لوگ جان دینے پر اس طرح آمادہ ہو جائیں اور یہ صلاحیت حاصل کر چکے ہوں جس کا مظاہرہ ہوا ہے جس پر عقلیں دنگ ہیں۔ خود امریکہ ششدر و حیران ہے اور وہ کہنے پر مجبور ہے کہ یقیناً انہیں اندرونی سپورٹ حاصل ہے' تو ظاہر بات ہے پھر یہ جنگ امریکہ جیت نہیں سکتا۔

امریکہ کے لئے کرنے کا اصل کام یہ ہے کہ اسے اپنے گریبان میں جھانکنا چاہئے کہ آخر اگر عرب یہ کر رہے ہیں تو کیوں کر رہے ہیں۔ کوئی سبب تو ہے۔ ان کا دماغ تو خراب نہیں ہے۔ وہ ہمیشہ سے ایسے ہی تو نہیں تھے' پھر یہ کیوں ہو گیا۔ عرب اسرائیل تنازعہ کے دوران امریکہ نے جو ظلم کیا ہے امریکہ کو اس معاملے میں دروں بینی سے کام لینا چاہئے اور اپنی ظالمانہ پالیسی اور ظالمانہ کردار پر نظر ثانی کرنا چاہئے۔ لیکن شدید اندیشہ ہے کہ امریکہ یہ روش اختیار نہیں کریگا۔ کیونکہ اسلام کی نشاۃ ثانیہ کے حوالے سے عالمی طاقتیں خوفزدہ ہیں۔ لہٰذا مختلف ممالک میں جو مذہبی جذبات پروان چڑھ رہے ہیں انہیں کچلنا ان کی اولین ترجیح ہے۔

چنانچہ شدید اندیشہ ہے کہ امریکہ اس واقعے کو بہانے کے طور پر استعمال کرے گا اور اس کے لئے افغانستان ان کا ٹارگٹ نمبر ایک ہے۔ افغانستان میں اسلامی حکومت کے قیام کے بعد نشاۃ ثانیہ کا جو ایک ابھرتا ہوا سلسلہ انہیں نظر آ رہا ہے وہ انہیں بری طرح کھٹک رہا ہے کہ اگر ان کے پاؤں جم گئے تو ان کی خیر نہیں۔ ڈاکٹر جاوید اقبال بھی وہاں دیکھ کر آئے تھے اور انہوں نے کہا تھا کہ تین چار اور مسلمان ممالک میں اگر یہی نظام قائم ہو جائے جو افغانستان میں ہے تو ساری دنیا مسلمان ہو جائے گی۔ لہٰذا امریکہ اور اسرائیل اس کو کیسے برداشت کر سکتے ہیں۔ دوسرے' انہیں سب سے بڑا خطرہ پاکستان کی ایٹمی صلاحیت سے ہے۔ یہی وجہ ہے کہ امریکہ نے دھمکی دی ہے کہ اگر پاکستان نے ہمارا ساتھ نہ دیا' تو ہم کشمیر پر بھارت کا قبضہ تسلیم کر لیں گے۔ اور پاکستان کی ایٹمی صلاحیت کو مفلوج کر دیا جائے گا۔

اگرچہ اندریں حالات افغانستان کے لئے شدید خطرات ہیں لیکن وہ قوم اب ان خطروں کی عادی ہو گئی ہے۔ انہوں نے مورچے کھودنے شروع کر دیئے ہیں کہ اب جو ہو سو ہو۔ انہیں موت کا خوف نہیں ہے اس حوالے سے افغانستان کا معاملہ اتنا تشویشناک نہیں ہے۔ البتہ پاکستان اپنے مشکل ترین امتحان سے دوچار ہے ہمارے پاس وہ ایمانی قوت نہیں ہے جس کے بل پر ہم امریکہ کا مقابلہ کر سکیں لہٰذا ان حالات میں پاکستان کے لئے اولین چیز یہ ہے کہ افغانستان کے خلاف کسی عسکری اقدام کسی حال میں نہ کرے۔ اپنی زمین اور اپنے پانیوں کو استعمال کرنے کی اجازت نہ دے۔ ہاں البتہ اگر اسامہ کے خلاف کوئی معین ثبوت پیش کر دیں تو جیسا کہ طالبان خود کہہ رہے ہیں کہ ہم حوالے کر دیں گے۔ لہٰذا اس کی گرفتاری میں پاکستان کوئی مدد کرے تو اس کی شاید گنجائش نکل آئے۔ دوسرے نمبر پر ہمیں اپنی آزادی' خودمختاری اور خصوصاً ایٹمی صلاحیت کا پورا پورا تحفظ کرنا ہے۔ اس معاملے میں کسی درجے میں ہمیں کوئی سمجھوتہ نہیں کرنا چاہئے۔ ان حالات میں اس وقت ہمیں اللہ تعالیٰ کی مدد کی شدید ضرورت ہے۔ ایسے ہی مواقع ہوتے ہیں جب کہ قومیں توبہ کر لیتی ہیں۔ جب رانا سانگا سے بابر کا رن پڑا تھا تو اس نے توبہ کی تھی اور شراب کے گھڑے توڑ دیئے تھے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اسے فتح دے دی تھی۔ یہ ہمارے لئے بھی توبہ اور دعا کا وقت ہے' اس لئے کہ پاکستان بہت ہی شدید امتحان سے دوچار ہے۔ لہٰذا پوری قوم کو اپنے گناہوں پر توبہ کرنی چاہئے تاکہ اللہ کی مدد ہمارے شامل حال ہو۔ اللہ کی مدد ہی کے سہارے ہم موجودہ صورت حال سے نمٹ سکتے ہیں۔ اس کے لئے ہمیں اور ہماری حکومت کو درج ذیل چار کام کرنا ہوں گے۔

۱) سب سے پہلے ہمیں اپنا قبلہ درست کرنا ہوگا یعنی سیکولرازم اور بے حجاب مخلوط معاشرت کی طرف جاری سفر سے پسپائی اختیار کرنی ہوگی۔

۲) امتناع سود کے ضمن میں فوری اقدامات کئے جائیں اور غیر سودی بینکاری کے لئے ٹھوس قدم اٹھانا چاہئے۔

۳) قوانین شریعت کی تنفیذ کے ضمن میں پاکستان کے آئین میں موجود تمام رخنے بند کئے جائیں۔

(باقی صفحہ ۹ پر)

''قومے فروختند وچہ ارزاں فروختند''

امریکہ کے وعدوں پر اعتبار کرنے سے پہلے ماضی میں اس کے کردار پر نگاہ ڈالنا ضروری ہے

اگرچہ گزشتہ ہفتہ کے کالم میں سانحۂ امریکہ کے حوالہ سے لکھا جا چکا ہے لیکن اس وقت تک اس حادثۂ فاجعہ کے بارے میں اس سے زیادہ کچھ علم نہ تھا کہ بعض اغوا شدہ طیارے نیویارک میں ورلڈ ٹریڈ سنٹر اور واشنگٹن میں پینٹاگون کی عمارت سے ٹکرا گئے ہیں جس سے بہت زیادہ جانی و مالی نقصان ہو گیا ہے۔ چونکہ اگلی صبح ہی پرچہ کو اشاعت کے لئے جانا تھا لہٰذا فوری دستیاب شدہ اطلاعات کے حوالہ سے تجزیہ کر دیا گیا' جس کا خلاصہ یہ تھا کہ اگر بقول مغربی میڈیا یہ مسلمانوں کا کام ہے تو انہیں دیوار سے لگا دینے کا نتیجہ اور ردعمل ہے۔ بعد ازاں جب اس حادثہ کی تفصیلات سامنے آئیں تو فوری طور پر ذہن میں چند سوالات پیدا ہوئے:

۱) کیا مسلمان ٹیکنالوجی اور مہارت کے حوالے سے اس سطح پر ہیں کہ اتنا بڑا کام کر گزریں؟

> امریکہ کے ظلم سے تو اللہ ہمیں بچا سکتا ہے لیکن اللہ اور اس کے رسولؐ سے غداری پر عذاب کی صورت میں کون ہماری مدد کو آئے گا؟

۲) کیا مسلمانوں کا امریکہ میں ایسی تخریبی کارروائیوں کے لئے کوئی انتہائی مضبوط نیٹ ورک موجود ہے جو اپنے ہدف پر پہنچنے کے لئے تمام مراحل اتنے احسن طریقے سے طے کر سکے؟

۳) امریکہ کی خفیہ ایجنسیاں ایسی غافل اور بے خبر کیوں ثابت ہوئیں جبکہ امریکی مسلمان تو ان کے قریب بھی نہیں پھٹک سکتا؟

۴) اس تخریبی کارروائی کے لئے جیسی زبردست منصوبہ بندی اور ٹائمنگ کا مظاہرہ کیا گیا ہے' وہ مسلمانوں کی کسی تنظیم میں کسی سطح پر نظر آتا ہے؟ وغیرہ وغیرہ۔

حقیقت یہ ہے کہ جب کسی ایسے اندھے جرم کی تحقیقات کی جاتی ہے جس میں خود مجرموں کا بھی نام و نشان مٹ جائے تو تحقیقاتی ایجنسیوں کو دو بنیادوں پر انحصار کرنا پڑتا ہے۔ اوّل یہ کہ وہ کون سے افراد' گروہ یا تناظیم ہیں جو اس سطح پر ہیں یا ایسی اہلیت رکھتی ہیں کہ یہ جرم سرزد کر سکتی ہیں مثلاً اگر یہ شواہد ملیں کہ مجرم جرم کر

ابوالحسن

کے تیزی سے بھاگا تھا تو کسی لنگڑے لولے یا محتاج پر شک نہیں کیا جا سکتا یا اگر یہ بات سامنے آئے کہ مجرم گاڑی میں فرار ہوا تھا تو کسی ایسے شخص پر شک نہیں کیا جا سکتا جس کے بارے میں یقین ہو کہ وہ گاڑی چلانا نہیں جانتا۔ قصہ مختصر' تحقیقات کی پہلی بنیاد لازماً یہ ہوتی ہے کہ اس سطح کا جرم کرنے کی کس میں استعداد اور اہلیت ہے۔ تحقیقات کی دوسری اور اہم بنیاد یہ ہوتی ہے کہ اس جرم کا فائدہ کس فرد' گروہ' تنظیم یا ملک کو پہنچے گا۔ مثلاً جائیداد یا ملکیت کا جھگڑا ہو تو تحقیقاتی ادارہ یہ دیکھے گا کہ مقتول کے راستہ سے ہٹ جانے سے کن افراد کو فائدہ پہنچے گا۔ کسی لمبی چوڑی تفصیل میں جائے بغیر یہ یقین سے کہا جا سکتا ہے کہ جس طرح کا یہ حادثہ تھا اس کے باحسن وخوبی انجام دینے کی صلاحیت اور مہارت صرف اور صرف یہودیوں میں ہے۔ جہاں تک دوسری بات کا تعلق ہے کہ اس حادثہ کے نتیجہ میں کون فائدہ میں رہے گا تو وہ انتہائی سیدھی اور سادی سی بات ہے کہ عالمی میڈیا جس طرح دہشت گردی کے حوالہ سے طویل عرصہ سے مسلمانوں کو بدنام کر رہا تھا امریکہ مسلمانوں ہی کو مجرم گردانے گا اور افغانستان اور مشرق وسطیٰ میں مسلمانوں کی سرکوبی کے لئے نکل کھڑا ہو گا۔ پھر یہ کہ پاکستان کی ایٹمی صلاحیت کو امریکیوں کے ہاتھوں تباہ و برباد کروایا جا سکے گا یعنی یہودیوں کے لئے معاملہ کچھ یوں ہے کہ نہ ہینگ لگے نہ پھٹکری اور رنگ چوکھا رہے۔ اکثر تحقیقاتی اداروں کے سامنے ایک تیسری بنیاد بھی ہوتی ہے اور وہ یہ کہ جس طرح اور جس نوع کا جرم سرزد ہوا ہے ماضی میں کون سا گروہ اس طرح کے جرائم میں ملوث رہا ہے۔ مثلاً اگر جیب کٹ گئی ہے تو وہ علاقے کے جیب کتروں پر اپنی توجہ مرکوز کریں گے اور اگر کوئی ڈاکہ زنی کا معاملہ ہے تو وہ ماضی میں ڈاکہ زنی کے واقعات کی چھان بین کریں گے اور مطلوبہ افراد تلاش کریں گے۔

حقیقت یہ ہے کہ امریکی مفادات کو زک پہنچانا اور اس کا الزام مسلمانوں کے سر دھر دینا' یہ کام گزشتہ نصف صدی میں سازشی ذہنیت کی حامل یہودی قوم نے اتنا زیادہ کیا ہے کہ اس کا شمار انگلیوں پر نہیں کیا جا سکتا۔ مصر میں کرنل ناصر برسراقتدار آیا تو مصری یہودیوں نے قاہرہ میں امریکی لائبریری جلا کر راکھ کر دی۔ مصر میں امریکہ کے سفارے خانہ پر حملہ کیا گیا۔ مقصد یہ تھا کہ جلد از جلد امریکہ میں یہ تاثر قائم کر دیا جائے کہ ناصر امریکہ کے سخت خلاف ہے۔ امریکی ردعمل کے نتیجے میں کرنل ناصر حقیقتاً امریکہ دشمنی میں بہت آگے چلے گئے۔ لبرٹی

> امریکی مفادات کو زک پہنچا کر اس کا الزام مسلمانوں کے سر دھرنے کا کام یہودیوں نے پہلے بھی کئی مرتبہ کیا ہے

جہاز پر حملہ کر کے اسے ڈبو دیا گیا اور الزام مسلمانوں کے سر دھر دیا۔ اوکلاہاما کیس میں میڈیا کے ذریعے مسلمانوں کے خلاف طوفان برپا کر دیا۔ امریکہ میں مسلمانوں پر حملے بھی ہوئے۔ بعد ازاں پتہ چلا کہ ایک کیتھولک تنظیم کے سرگرم رکن نے بم دھماکہ کیا تھا۔ یہ راز اسی لئے کھل گیا کہ یہ کام یہودیوں نے نہیں کیا تھا البتہ یہودی میڈیا نے اپنے تئیں پوری کوشش کی کہ اس تخریبی کارروائی کو مسلمانوں کے سر تھوپ دیا جائے۔ کینیا اور تنزانیہ میں امریکی سفارت خانوں پر حملے میں اسامہ کو ملوث کیا گیا۔ الزام یہ لگایا کہ سوڈان میں اس کے قریبی ساتھیوں نے ایک فیکٹری سے تخریبی مواد حاصل کیا۔ اس فیکٹری پر بمباری کی گئی اور اسے تباہ و برباد کر دیا گیا۔ بعد ازاں یہ اطلاع غلط ثابت ہوئی۔ اس فیکٹری کی انتظامیہ نے اب امریکہ کی عدالت میں ازالے کے لئے دعویٰ دائر کیا ہوا

ہے۔ یوگنڈا کے عدی امین اسرائیل کے خلاف بڑی بڑکیں لگایا کرتے تھے۔ فلسطینی اسرائیل کا ایک ہوائی جہاز اغوا کر کے یوگنڈا کے ہوائی اڈے پر اتر گئے۔ عدی امین نے بڑی خوشی کا اظہار کیا لیکن ایک یا دو دن پلاننگ کر کے تین اسرائیلی ہوائی جہاز یوگنڈا کے ہوائی اڈے پر اترے۔ کمانڈوز نے کمالِ مہارت کے ساتھ ہائی جیکروں کو گولیوں کا نشانہ بنایا اور اپنا اغوا شدہ جہاز لے اڑے۔ شنید یہ ہے کہ اسرائیل نے یوگنڈا کے ہوائی اڈے پر اپنے ہوائی جہاز اتارنے سے پہلے ایسا ڈرامہ سٹیج کیا تھا کہ عقل دنگ رہ گئی۔ فوج اور پولیس کو اس میں

اس طرح کے حادثہ کو باحسن وخوبی انجام دینے کی صلاحیت صرف یہودیوں کے پاس ہے

مشغول کر دیا اور اپنا مقصد حاصل کر لیا۔ ان تمام واقعات کا اعادہ کرنے کا مقصد یہ تھا کہ اسرائیلی کمانڈوز ایسے کارنامے سرانجام دینے کی مہارت اور اہلیت بھی رکھتے ہیں۔ وہ ماضی میں یہ سب کچھ کرتے بھی رہے ہیں۔ پھر یہ کہ اپنے دشمن کو بدنام کرنے کے لئے اور اس کے خلاف سپریم پاور امریکہ کو مشتعل کرنے کے لئے وہ ایسی کارروائیاں کرتے رہتے ہیں اور اس میں وہ انتہائی کامیاب ہیں۔ امریکہ اور مغربی ممالک میں مسلمانوں کو دہشت گرد سمجھا جانے لگا ہے۔ اسلام کو ایک ڈراؤنا اور خوفناک مذہب بنا کر پیش کیا جا رہا ہے جس نے جہاد کے ذریعے دنیا میں قتل و غارت کا بازار گرم کر رکھا ہے' مسلمان امن کی زبان نہیں سمجھتے اور دنیا میں اس وقت تک امن قائم نہیں ہو سکتا جب تک اسلام اور اس کے نام لیوا زندہ ہیں وغیرہ وغیرہ۔ اب آیئے اس طرف کہ افغانستان کو' جو آج کے دور میں اسلامی ریاست کی حیثیت سے ابھرنے کی کوشش کر رہا تھا' نیویارک اور واشنگٹن میں ہونے والی دہشت گردی کو عذر بنا کر نیست و نابود کرنے کی جو یہود و نصاریٰ نے ٹھان لی ہے اس میں حکومت پاکستان کیا کردار ادا کر رہی ہے اور اسے کیا کردار ادا کرنا چاہئے۔ علاوہ ازیں اس وقت مقصد برآری کے لئے امریکہ حکومت پاکستان سے جو وعدے وعید کر رہا ہے' ان کی کیا حیثیت ہے اور ماضی میں امریکی وعدوں سے ہمیں کیا حاصل ہوا۔

حکومت پاکستان نے بقول امریکی حکومت کے' ان سے وعدہ کیا ہے کہ وہ امریکہ کو افغانستان پر حملہ آور ہونے کی صورت میں ہر ایسی مدد فراہم کرے گی جس کی اسے ضرورت محسوس ہو گی۔ جبکہ پاکستانی حکام اس معاملے میں آئیں بائیں شائیں کر رہے ہیں۔ صاف ظاہر ہو رہا ہے کہ وہ امریکہ کو ایسی یقین دہانی کرا چکے ہیں اور اب عوامی ردعمل کے خوف سے گول مول باتیں کی جا رہی ہیں' صرف ایک بات زور دے کر کہی جا رہی ہے کہ پاکستانی افواج اپنی سرحدوں سے باہر نکل کر کسی کارروائی میں حصہ نہیں لیں گی۔ حکومت پاکستان کے شرمناک فیصلے کے حق میں مادی اور دنیوی سطح پر بہت سے دلائل دیئے جا سکتے ہیں اور دیئے بھی جا رہے ہیں۔ ان کا خلاصہ یہ ہے کہ چونکہ دفاعی لحاظ سے ہم امریکہ کے سامنے چند سیکنڈ بھی کھڑے نہیں رہ سکتے اور وہ ہماری ایٹمی اور دوسری دفاعی تنصیبات کو پلک جھپکنے میں راکھ کا ڈھیر بنا سکتا ہے لہٰذا خواہ مخواہ اپنا کچومر نکلوانے کی کیا ضرورت ہے۔ امریکہ ہماری فضا اور ہمارے سمندر کو ہماری مرضی اور اجازت کے بغیر بھی استعمال کر لے گا تو ہم اس کا کیا بگاڑ سکتے ہیں' لہٰذا مزاحمت بے کار ہے۔ ہماری ایٹمی اور دفاعی تنصیبات کی تباہی بھارت کو موقع فراہم کر دے گی کہ پاکستان میں واک اوور کر جائے اور ہماری آزادی ختم ہو جائے۔ یہ تمام دلائل اپنی جگہ نہ صرف وزنی ہیں بلکہ ان سے اختلاف کی گنجائش بھی نہیں ہے' لیکن سوال یہ ہے کہ دوسری صورت کیا ہے۔ کیا ہم ایک کافر حکومت اور اسلام کے ازلی دشمن کی معاونت کریں اور اس کے آلہ کار بنیں تاکہ وہ ایک ایسی ریاست کو تباہ و برباد کر دے جو دنیا بھر میں واحد اسلامی ریاست کی مثال پیش کرنے کے مراحل انتہائی پُرعزم طریقے سے طے کر رہی ہے؟ اگر ہم اللہ' رسول' اس کی کتاب اور دین کو اپنی جان مال سے عزیز ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں تو ہمارا اصولی فیصلہ کیا ہونا چاہئے تھا؟ اگر امریکہ زبردست ہے اور وہ ہمیں مارتا ہے تو کیا ہم اٹھتے

جماعت اسلامی کے زیر اہتمام منعقد ہونے والی

"اے پی سی" کے نام ایک اہم پیغام!

سب جانتے ہیں کہ اس وقت پورا عالم اسلام بالعموم، اور عالم عرب اور افغانستان و پاکستان بالخصوص شدید خطرات سے دوچار ہیں۔ مشرق و مغرب کی جملہ دشمنِ اسلام قوتیں اس موقع سے فائدہ اٹھا کر ایک جانب احیاءِ اسلام کی جملہ تحریکوں پر کاری ضرب لگانے کی کوشش کریں گی۔ اور خاص طور پر پاکستان کے ایٹمی پروگرام اور اگر اس کے لئے ضرورت محسوس ہو تو خود پاکستان کے وجود تک کو ختم کرنے سے بھی گریز نہیں کریں گی۔

بنابریں' یہ وقت بحالیٔ جمہوریت کی تحریک کا نہیں

بلکہ حکومت پاکستان سے یہ مطالبہ کرنے کا ہے کہ افغانستان کے خلاف کسی اقدام میں کسی بھی درجہ کا تعاون نہ کیا جائے اور چونکہ اس سے دنیا کی سپریم پاور سے ٹکر لینے کی صورت پیدا ہو سکتی ہے

لہٰذا' کُل کائنات کی واحد سپریم پاور یعنی اللہ تعالیٰ

سے مدد اور نصرت کے حصول کے لئے

توبہ و استغفار کے طور پر حسب ذیل قدم فوراً اٹھائے جائیں:

۱) سیاسی و ریاستی سطح پر سیکولرازم اور سماجی سطح پر بے حجاب مخلوط معاشرت اور اقوام متحدہ کے "سوشل انجینئرنگ پروگرام" کی جانب پیش رفت فی الفور ختم کی جائے!

۲) انسدادِ ربا کے ضمن میں مزید تاخیر کی بجائے جو سفارشات بھی آج تک موصول ہوئی ہیں ان پر فوری طور پر عمل شروع کر دیا جائے، اور

۳) قانون شریعت کی تنفیذ کے ضمن میں دستور میں جو چور دروازے موجود ہیں انہیں فوراً بند کیا جائے تاکہ نفاذ شریعت کا عمل ہموار اور سہل انداز میں شروع ہو جائے۔

الداعی الی الخیر : **ڈاکٹر اسرار احمد** امیر تنظیم اسلامی

(مندرجہ بالا اشتہار 16 ستمبر کے روزنامہ "نوائے وقت" میں شائع کرایا گیا!)

بیٹھتے جو یہ کہتے رہے کہ مارنے والے سے بچانے والا زیادہ طاقتور ہوتا ہے' سب جھوٹ تھا۔ امریکہ ہمیں مارتا تو اللہ ہمیں بچا سکتا تھا لیکن اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے غداری کرنے کے جرم میں اگر اللہ نے ہمیں مارا تو ہمیں کون بچائے گا؟ ظالم یہود و نصاریٰ اس جرم میں افغانوں پر بم برسائیں کہ وہ اللہ کا دین کیوں نافذ کر رہے ہیں' وہ اسلامی ریاست کا عملی نمونہ پیش کرنے کی کوشش کیوں کر رہے ہیں اور ایک دوسرا نام نہاد مسلمان ملک اس تباہی و بربادی میں یہود و نصاریٰ کا ہاتھ بٹائے اور پھر یہ سمجھے کہ اس پر اللہ کا عذاب نازل نہیں ہوگا' اس سے بڑی خودفریبی کیا ہوگی۔ ایسے مسلمانوں نے قرآن پڑھا ہے پھر بھی نہیں پڑھا' نہ سمجھا نہ جانا۔ وہ اللہ کے دین سے نابلد اور اس کی سنت سے ناواقف ہیں۔ ایسے مسلمان یقیناً نہیں جانتے کہ وہ آزماتا ہے' ٹھوک بجا کر دیکھتا ہے کہ کچا ہے یا پکا۔ جب بندہ اپنا سب کچھ لگا دے تو سمندر میں راستہ بنا دیتا ہے' بیچ میدان کے فرشتے اتار دیتا ہے' ہاتھیوں کو ابابیلوں سے مروا دیتا ہے۔ لیکن جب ایک مسلمان ملک اس حساب کتاب میں پڑ جائے کہ برادر اسلامی ملک اور اس کے دشمن کافر ملک میں سے کون طاقتور ہے' کس کا ساتھ فائدہ مند رہے گا اور سوچ کی پستی اور اخلاقی گراوٹ کا یہ عالم ہو کہ علی الاعلان کہا جائے کہ کافر ملک کی حمایت سے اتنا اقتصادی فائدہ ہوگا تو پھر ایسے مسلمان جان لیں کہ اللہ حساب کتاب میں بڑا سخت اور زبردست ہے۔ بہرحال ہم پاکستان کے حکمرانوں کو آخری لمحات تک یہ کہتے رہیں گے کہ دنیوی خداؤں کے سامنے جھکنے کی بجائے کل کائنات کے اللہ کے سامنے جھک جاؤ۔ یہی بچاؤ اور نجات کا واحد راستہ ہے ورنہ پچھتاوے کے سوا کچھ ہاتھ نہیں لگے گا۔ جہاں تک امریکہ کے اقتصادی امداد کے وعدوں اور کشمیر بھارت سے لے کر ہمیں پلیٹ میں پیش کر دینے جیسے پُرفریب وعدوں کا تعلق ہے تو ہم چاہیں گے کہ ماضی میں اپنے اس دوست کے کردار پر نگاہ ڈال لیں کہ دوستی کی آڑ میں ہم سے کیسے کیسے کھیل کھیلے جاتے رہے۔

۱) ۱۹۶۲ء میں جب کشمیر میں ہماری افواج کو واک اوور مل سکتا تھا' امریکہ نے ہمیں مذاکرات اور پُرامن طریقے سے کشمیر دلوانے کے وعدوں میں الجھا دیا۔ بھٹو سورن سنگھ مذاکرات کا ڈول ڈالا جو ہمارے لئے مذاکرات کی بجائے ''مذاق رات'' بن گئے۔

۲) ۱۹۶۵ء کی جنگ میں ہماری مدد کرنے کی بجائے ہماری فوجی امداد بند کر دی اور سیٹو سینٹو معاہدوں کے بارے میں بتایا کہ یہ تو صرف کمیونزم کے خلاف ہیں۔

۳) ۱۹۷۱ء میں ہمیں دولخت کرنے کے عمل میں اس نام نہاد دوست نے باقاعدہ حصہ لیا جس کا اعتراف خود کسنجر کر چکا ہے۔

۴) افغانستان میں سوویت یونین کے خلاف جنگ میں ہماری سرزمین استعمال کی اور ہمارے جوانوں کو جنگ کا ایندھن بنایا لیکن سوویت یونین کو ٹکڑے ٹکڑے کر دینے کا اپنا مقصد حاصل کر کے ہمیں بے یار و مددگار چھوڑ گیا اور ہمیں اتنی قربانیوں کا صلہ ہیروئن اور کلاشنکوف کلچر کی صورت میں ملا۔ مزید یہ کہ ہمیں اندرون ملک شدید اور ظالمانہ دہشت گردی کا بھی سامنا کرنا پڑا۔

۵) بھارت نے شملہ معاہدوں کی خلاف ورزی کر کے سیاچین پر قبضہ کیا تو امریکہ نے ہمدردانہ بیان بھی نہ داغا لیکن جب پاکستان نے کارگل پر قبضہ کیا تو امریکہ ایک فریق کی حیثیت سے ہمارے مقابلے میں صف آراء ہو گیا اور دن رات ہمیں دھمکیاں دینے لگا۔

۶) ایف ۱۶ جہازوں کی رقم نقد بلکہ ایڈوانس لے کر سودا دینے سے مکر گیا۔

۷) بھارت نے ۱۹۷۴ء میں ایٹمی دھماکہ کیا تو امریکہ نے زبان بھی نہ کھولی لیکن جب ۱۹۹۸ء میں بھارتی ایٹمی دھماکوں کے جواب میں پاکستان نے دھماکہ کرنا چاہا تو پابندیاں لگ گئیں اور دھمکیاں دی جانے لگیں۔

۸) ہمیں PL-۴۸۰ کے تحت کھانے کو گندم تو دی لیکن بدعنوان سیاست دانوں سے مل کر پاکستان کو دیوالیہ کر دیا۔

۹) پاکستان کو خوشحال کر دینے والے ترقیاتی منصوبوں میں امداد دینے سے گریز کیا۔ سٹیل مل کے لئے بھی ہمیں روس کے آگے ہاتھ پھیلانے پڑے۔

۱۰) کسی قسم کی ٹیکنالوجی منتقل کرنے سے ہمیشہ گریز کیا۔

یہ فہرست بہت طویل ہو سکتی ہے' اصل مقصد صرف یہ عرض کرنا ہے کہ ''آزمودہ را آزمودن جہل است'' کے مصداق ہمیں اب امریکہ پر قطعاً بھروسہ نہیں کرنا چاہئے۔

صدر جنرل پرویز مشرف کئی بار کہہ چکے ہیں کہ میں کمانڈو ہوں' موت سے نہیں ڈرتا' موت پہلے بھی مجھ سے نظریں چرا کر گزر چکی ہے۔ انہیں چاہئے کہ وہ اپنے اسی مجاہدانہ کردار کی طرف لوٹیں۔ ٹیپو سلطان شہید کا یہ تاریخی جملہ یاد کریں: ''شیر کی ایک دن کی زندگی گیدڑ کی ہزار سالہ زندگی سے بہتر ہے''۔ ٹیپو سلطان نے پیٹھ موڑنے پر جان دینے کو ترجیح دی تو امر ہو گیا' جعفر و صادق نفرت و حقارت کی علامت بن گئے۔ جنرل صاحب! آپ کے لئے فیصلے کا وقت ہے۔ ٹیپو سلطان بن کر آسمان پر ستارے کی طرح جگمگائیں گے یا میر صادق اور میر قاسم کی طرح گندی نالی کا کیڑا بننا پسند کریں گے؟

بقیہ: منبر و محراب

۴) حکومت دینی مدارس کے خلاف کسی قسم کے اقدام کا خیال بھی ذہن سے نکال دے۔

آخر میں جماعت اسلامی کی قیادت سے بھی اپیل کرتا ہوں کہ وہ ۱۶ ستمبر کو بلائی جانے والی آل پارٹیز کانفرنس میں بحالی جمہوریت کے بجائے انسداد سود اور تنفیذ شریعت کو اپنا ہدف بنائے۔ کیونکہ ماضی کی تاریخ گواہ ہے کہ پاکستان میں جمہوریت کی بحالی کے لئے تحریک چلانے سے آج تک دین اور دینی جماعتوں کو کوئی فائدہ نہیں پہنچا ہے۔00

ماہانہ دعوت فورم

زیر صدارت: **مرزا ایوب بیگ** امیر تنظیم اسلامی حلقہ لاہور

ان شاء اللہ العزیز بروز جمعہ 21 ستمبر 2001ء بعد نماز مغرب 7:00 بجے

دفتر تنظیم اسلامی لاہور جنوبی 866۔ این' پونچھ روڈ سمن آباد میں

«دفاعِ پاکستان کے تقاضے»

کے موضوع پر

جناب طارق مجید کموڈور (ر) بحریہ خطاب فرمائیں گے

شرکت کی عام دعوت ہے

خواتین کے لئے پردے کا اہتمام ہوتا ہے

تنظیم اسلامی لاہور جنوبی

انتقالِ پُرملال

☆ تنظیم اسلامی گوجر خان کے معتمد عمومی جناب ذوالفقار احمد کی نانی اماں وفات پا گئی ہیں۔

☆ تنظیم اسلامی لاہور کے رفیق جناب حافظ محمد اقبال کی والدہ ماجدہ طویل علالت کے بعد رحلت فرما گئیں۔

☆ تنظیم اسلامی اُسرہ حیدرآباد کے نقیب محترم عبدالقادر کی خوش دامن صاحبہ کا انتقال ہو گیا ہے۔

قارئین ''ندائے خلافت'' سے مرحومات کے لئے دعائے مغفرت اور بلندی درجات کی درخواست ہے۔ اللھم اغفرلھا وارحمھا وادخلھا فی رحمتک وحاسبھا حسابا یسیرا

''دنیا کو ہے پھر معرکۂ روح و بدن پیش''

امریکہ میں حالیہ دہشت گردی کے واقعات پر جس قدر مغربی میڈیا مسلمانوں کے خلاف جلتی پر تیل کا کام کر رہا ہے اسی قدر ان واقعات کے محرک کی ذہانت و فطانت کی بھی باتیں ہو رہی ہیں اور بالآخر ہر توپ کا رُخ اسامہ بن لادن کی طرف کر دیا گیا ہے گویا کہ صدام کے خلاف کارروائی سے قبل مغربی میڈیا نے اس کا ہیولہ جس طرح بڑھا چڑھا کر پیش کیا تھا ایک مرتبہ تو پوری دنیا میں خوف کی لہر دوڑ گئی تھی جس کے نتیجے میں سب کی زبان پر یہی تھا کہ اس انسانیت کے دشمن صدام کو فوری فنا کر دو لیکن کھودا پہاڑ نکلا چوہا کے مصداق جو کچھ ہوا وہ ہم سب کے سامنے ہے' اب وہی ڈرامہ دوبارہ دہرانے کی تیاریاں ہو رہی ہیں۔ بے چارہ اسامہ بن لادن جو کہ ایک انتہائی پسماندہ ملک میں اس حال میں پناہ گزین ہے کہ طویل عرصہ سے اس پر ہر قسم کے بیرونی رابطوں پر پابندیاں ہیں اس کے باوجود انتہائی طاقت ور میڈیا کے ذریعے یہ باور کروانے کے لئے ایڑی چوٹی کا زور لگایا جا رہا ہے کہ اس انتہائی باریک بینی سے تیار کی گئی شاہکار دہشت گردی کا محرک اسامہ ہے اور یہ کہ اس کے وجود سے انسانیت کو خطرہ ہے۔ حالانکہ اگر ایک لمحہ کے لئے یہ مان بھی لیا جائے کہ اسامہ ہی اس سازش کا محرک ہے تو یہ بات کیسے مان لی جائے کہ اس کے نتیجے میں جو صورتِ حال اب پوری اسلامی دنیا کو بالعموم اور افغانستان کو بالخصوص درپیش ہے' اس کا ایسے غیر معمولی انسان کو اندازہ نہ ہوگا۔

